Dawlance ڈاؤلینس

DOUBLE DOOR DEEP FREEZER

ڈبل ڈور ڈیپ فریزر



Instruction Manual

محترم صارف۔

آپ کو مبارک ہو کہ آپ نے اپنے اور اپنی فیملی کیلئے ڈاؤلینس کا انتخاب کیا۔

ڈاؤلینس پاکستان میں ISO 9001 اور ISO 14001 سند یافتہ گھریلو مصنوعات بنانے والی سب سے بڑی کمپنی ہے۔

ڈاؤلینس اپنی بہترین کوالٹی اور کم قیمت الیکٹریکل مصنوعات کے ذریعے پاکستانی صارفین کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ ڈاؤلینس کی مصنوعات اپنے معیار کی عمدگی، بہترین کارکردگی اور قابل اعتماد ہونے کی وجہ سے مشہور ہیں۔

ڈاؤلینس ڈیپ فریزرز بھی کوالٹی کے اعلیٰ معیار اور ہر لحاظ سے پاکستانی موسمیاتی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے گئے ہیں۔

ڈاؤلینس کے تکنیکی ماہرین کا بنیادی مقصد صرف صارفین کی سہولت کیلئے بہترین مصنوعات تیار کرنا ہے۔ یہ کتابچہ آپ کے

ڈاؤلینس ڈیپ فریزرز کے طریقہ استعمال کے علاوہ کھانوں کو تازہ اور محفوظ رکھنے کے بارے میں بھی آپ کی رہنمائی کرے گا۔

اسی لئے تو ہمارے کسٹمرز کہتے ہیں۔

"ڈاؤلینس ریلائبل ہے!"

شکریہ۔



ضروری ہدایت

ہوریزنٹل ریفریجریٹر کوآن کرنے سے پہلے اس میں لگا ہوا پیکنگ میٹریل (سفید میٹریل، گتا، لکڑی کا پیلٹ، ٹیپ وغیرہ) لازمی طور پر ہٹالیں۔ نیز اپنے ہوریزنٹل ریفریجریٹر پر کسی قسم کا حفاظتی میٹریل جیسے پلاسٹک وغیرہ کے استعمال سے اجتناب کریں۔ ان کا ان اشیاء پر یا قرب وجوار ہونا آگ لگنے کا باعث بن سکتا ہے۔

(الف)



(ب)

بنیادی حصوں کے نام

1.	LID END COVER	۱۔لڈاینڈکور
2.	DOOR	۲۔ڈور
3.	GASKET	۳۔گیس کٹ
4.	LOCK	۴۔لاک
5.	TOP FRAME	۵۔ٹاپ فریم
6.	HANDLE	۶۔ہینڈل
7.	WHEEL	۷۔ویل
8.	CABINET SHELL	۸۔کیبنٹ شیل
9.	CONTROL PANEL	۹۔کنٹرول پینل
10.	COMPRESSOR GRILL	۱۰۔کمپریسر گرل
11.	POWER PLUG	۱۱۔ پاور پلگ
12.	DRAIN LINE	۱۲۔ڈرین لائن
13.	LID LINER	۱۳۔لڈلائنر
14.	LAMP COVER	۱۴۔لیمپ کور
15.	MIDDLE BEAM	۱۵۔مڈل بیم

A) ڈیپ فریزر کو کہاں اور کیسے رکھا جائے: Where And How To Place The Deep Freezer

- ڈیپ فریزر کو سخت اور ہموار سطح پر رکھیں۔
- ڈیپ فریزر کو سورج کی شعاؤں سے بچائیں اور ہوادار جگہ پر رکھیں نیز اس کے نزدیک گرمی پیدا کرنے والی مصنوعات مثلاً چولہا، اوون وغیرہ نہ رکھیں، کیونکہ ان سے ڈیپ فریزر کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور بجلی کے بل میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔
- ڈیپ فریزر کو دیوار سے ملا کر نہ رکھیں۔ اس کے پچھلے حصے یعنی کنڈیسر گرل کو دیوار سے تقریباً 4انچ اور کمپریسر گرل والی سائڈ کو دیوار سے تقریباً "9انچ کے فاصلے پر لازمی رکھیں۔ (تصویر 'ب')

ڈیپ فریزر کو خشک جگہ پر رکھیں۔ نمی اسکی کارکردگی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ پانی اور نمی کی وجہ سے شارٹ سرکٹ اور زنگ لگنے کا احتمال ہوتا ہے۔

- بجلی کے تار کو ڈیپ فریزر سے دور رکھیں تا کہ شارٹ سرکٹ کا خطرہ کم سے کم ہو۔
- پاور پلگ (Power Plug) صرف تین پن والا ہی استعمال کریں۔ کبھی بھی عام دو پن والا پلگ نہ لگائیں اس سے شارٹ سرکٹ کا خطرہ ہوسکتا ہے۔

B) ڈیپ فریزر کو استعمال کرنے کا طریقہ: How To Use Deep Freezer

- اپنے ڈیپ فریزر کو چلانے سے پہلے اس کے اندرونی حصہ کو احتیاط سے نیم گرم پانی سے دھو کر خشک کرلیں۔
- پاور پلگ کو تھری پن ارتھ والی ساکٹ سے منسلک کریں اور سوئچ آن کردیں۔

تھرمواسٹیٹ: (Thermostat)



۱۔تھرمواسٹیٹ ایڈجسمنٹ نوب

اسکے ذریعہ ہوریزنٹل ریفریجریٹر کے اندرونی درجہ حرارت کو کم یا زیادہ کیا جاتا ہے

۲۔ریڈلائٹ (RED LIGHT)

یہ لائٹ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ یونٹ کو بجلی فراہم کی جارہی ہے۔

۳۔گرین لائٹ (GREEN LIGHT)

یہ لائٹ اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ کمپریسر چل رہا ہے۔

۴۔اورنج بٹن (ORANGE BUTTON)

اس بٹن کو دبانے سے اورنج لائٹ آن (ON) ہوجاتی ہے اور تھرموسٹیٹ (Thermostat) غیر فعال (In Active) ہوجاتا ہے جو اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یونٹ فاسٹ کول حالت (Fast Cool Mode) میں داخل ہوچکا ہے۔

اس حالت میں کمپریسر (Compressor) مستقل آن (ON) رہتا ہے جب تک کہ اورینج بٹن (Orange Button) کو آف (Off) نہ کردیا جائے

یہ ہوئی نہ بات

"چاہے ڈگری ہو پچاس۔ کرے کام فرسٹ کلاس"

C) ڈیپ فریزر کی صفائی: How To Clean Deep Freezer

جب آپ کو اندازہ ہو جائے کہ اندرونی دیواروں پر جمی ہوئی برف کی موٹائی 5mm سے زیادہ ہے تو:

- سب سے پہلے بجلی کے سوئچ آف کریں اور پاور پلگ کو ساکٹ سے علیحدہ کر دیں۔
- ڈیپ فریزر میں رکھی ہوئی اشیاء تھوڑی دیر کے لیے نکال دیں تاکہ صفائی آسانی سے ہو سکے۔
- ڈیپ فریزر کی دیواروں پر جمی برف پر نیم گرم پانی ڈالیں یہاں تک کہ نچلی سطح پانی سے بھر جائے۔ دروازے کو آدھے گھنٹے کیلئے بند کر دیں۔ اس کے بعد پانی کو (Drain Line) سے نکال دیں۔
- ڈیپ فریزر کو کسی ڈیٹرجنٹ اور پانی کی مدد سے اچھی طرح دھولیں اور خشک نرم کپڑے سے پانی خشک کر لیں۔
- کنڈنسر کی جالیوں کو خشک کپڑے کی مدد سے صاف کریں یا ویکیوم کلینر (Vacuum Cleaner)/بلور (Blower) سے صاف کریں۔
- گیس کٹ اور بیرونی دروازوں کو بھی ڈیٹرجنٹ سے اچھی طرح صاف کریں۔
- صفائی کے بعد دروازے کھول دیں تاکہ کسی قسم کی بو نہ پھیل سکے۔
- ڈیپ فریزر کی صفائی تین سے پانچ ماہ کے اندر کر لیا کریں کیونکہ مسلسل اور بہتر صفائی سے ڈیپ فریزر کی کارکردگی میں اضافہ ہوتا ہے۔

D) احتیاطی تدابیر: Precautions

- سب سے پہلے اپنے گھر کے وولٹیج کو چیک کرائیں جو کہ 220 وولٹ ہونے چاہیئے اگر مطلوبہ وولٹیج نہ ہوں تو اسٹیبلائزر کا استعمال کریں۔
- ڈیپ فریزر کیلئے الگ سرکٹ استعمال کریں۔ تار کا سائز 3/029 ہونا چاہیئے اور کنکشن کو لازمی ٹائیٹ ہونا چاہیئے۔
- اگر ڈیپ فریزر کسی وجہ سے بند ہو جائے تو اسے کم از کم پانچ منٹ بعد دوبارہ چلائیں۔
- اگر ڈیپ فریزر کسی دوسری جگہ پر شفٹ کریں تو اسے کم از کم (۳۰) تیس منٹ کے بعد دوبارہ چلائیں۔
- صفائی شروع کرنے سے پہلے پاور پلگ کو ساکٹ سے نکال دیں۔
- فریزر کی تہہ ہمیشہ خشک رکھیں اور کسی قسم کا پانی جمع نہ ہونے دیں اس طرح سے فریزر کی کارکردگی میں بھی اضافہ ہوگا اور اس طرح جراثیم کی بھی افزائش نہیں ہوگی۔
- Electricity چلے جانے پر سامنے ڈرین لائن سے پانی آنے کی صورت میں واٹر Collecting Pan کو رکھ لیا جائے۔
- گیلے ہاتھوں سے ڈیپ فریزر کی اندرونی دیواروں کو نہ چھوئیں۔ کیونکہ زیادہ منفی درجہ حرارت پر "آئس برننگ" کا خدشہ ہے۔
- ایتھلین، بینزائن، الکوحل، تھینر جیسی آتش گیر اشیاء کو ڈیپ فریزر میں بالکل نہ رکھیں۔
- بوتل میں بند مشروبات ڈیپ فریزر میں رکھنے سے قبل تھرمواسٹیٹ ناب کو BOTTLER پر کر دیں۔
- اس بات کا اطمینان کر لیں کہ آپکا وائرنگ سسٹم مکمل طور پر ارتھ (Earth) ہے۔
- ڈیپ فریزر کی دیواروں سے برف ہٹانے کیلئے چاقو یا نوکیلے آلے کا استعمال نہ کریں۔
- ڈیپ فریزر کے قریب فوری آگ پکڑنے والی اشیاء کا اسپرے نہ کریں اس سے آگ لگنے کا خدشہ ہو سکتا ہے۔

نوٹ: مندرجہ بالا ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ نقصان کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی

E) صارف کیلئے اضافی معلومات کھانوں کو ذخیرہ کرنے کی مجوزہ مدت : Additional Information for Customer

اشیاء	مدت (ریفریجریٹر پوزیشن)	مدت (فریزر پوزیشن)
پکا ہوا گوشت، یخنی اور شوربا، تلی ہوئی مرغی۔	تین سے چار دن	ایک مہینہ
چکن کے ٹکڑے، سالن، یخنی، نگٹس، پیٹز۔	ایک سے دو دن	ایک مہینہ
سوپ جس میں گوشت، بیف، سبزی شامل ہو۔	تین سے چار دن	ایک مہینہ
تازہ گوشت بیف، مٹن، مرغی۔	ایک سے دو دن	چھ مہینہ
کلیجی وغیرہ۔	ایک سے دو دن	ایک مہینہ

F) ڈاؤلینس سروس : Dawlance After Sales Service

ڈاؤلینس اپنے صارفین کی قدر کرتا ہے اور ہمیشہ ان کی سہولت کو اولیت دیتا ہے۔ اس مقصد کیلئے ڈاؤلینس نے پورے پاکستان میں اپنے سروس سینٹرز کا نیٹ ورک قائم کر رکھا ہے۔ ملک بھر میں ڈاؤلینس کے 60 سروس سینٹرز اپنے صارفین کی خدمت کیلئے مستعد اور کوشاں ہیں۔ اس کے علاوہ ڈاؤلینس کی ہوم سروس اور موبائل وین کی موجودگی نے ڈاؤلینس سروس کو مثالی اور منفرد بنا دیا ہے۔ آپ ڈاؤلینس کسٹمر سروس کیلئے اپنے قریب ترین سروس سینٹر کو فون کر سکتے ہیں ہمارا نمائندہ آپ کے گھر آ کر آپ کی ڈاؤلینس مصنوعات کو چیک کریگا۔

G) سروس کیلئے کال کرنے سے پہلے چند ضروری باتوں کا خیال رکھیں : Before Contacting Service Ensure

علامات	وجہ	حل
جب ڈیپ فریزر نہ چل رہا ہو	بجلی منقطع ہوگئی ہے یا پلگ نکل گیا ہے یا تھرمواسٹیٹ آف (Off) پوزیشن پر ہے	چیک کریں اور اگر پلگ نکل گیا ہو تو لگا لیں تھرمواسٹیٹ آف ہو تو اسے مطلوبہ پوزیشن پر کر لیں
جب ڈیپ فریزر پوری طرح ٹھنڈک نہ دے رہا ہو	ڈیپ فریزر دھوپ میں یا چولہے کے قریب رکھا ہے، ڈیپ فریزر میں زیادہ گرم اشیاء رکھی گئی ہیں، ڈیپ فریزر کا دروازہ زیادہ دیر تک کھلا رہ گیا ہے، یا تھرمواسٹیٹ کی پوزیشن صحیح نہیں ہے۔	ڈیپ فریزر رکھنے کی جگہ کا معائنہ کریں۔ اسٹور کی ہوئی اشیاء کی حالت دیکھیں۔ دروازہ بند رکھیں اور حسب ضرورت ہی کھولیں۔ تھرمواسٹیٹ حسب ضرورت سیٹ کریں۔
جب ڈیپ فریزر آواز کر رہا ہو	جس جگہ ڈیپ فریزر رکھا ہے وہ جگہ ہموار نہیں	ڈیپ فریزر کو ہموار سطح پر رکھیں
مڈل بیم کے اوپر نمی آجانا (مون سون سیزن میں)	مون سون سیزن/ہائی ہیومڈٹی	صاف کپڑے سے نمی کی وجہ سے موجود پانی کے قطروں کو صاف کر دیں

Dawlance
وسیع ترین سروس سینٹر نیٹ ورک ملک بھر میں 200 سے زائد مراکز کیساتھ
ڈاؤلینس ریلائبل سروس تمام گھریلو مصنوعات کے لئے
سروسز آپ کی دہلیز پر 24 گھنٹے کے اندر
کال سینٹر کی سہولت پورا ہفتہ 24 گھنٹے
UAN # 021-111-11-7359 (RELY)
Head Office: Dawlance Center 7/4, Civil Lines-9
Dr. Ziauddin Ahmed Road, Karachi.
Ph: (021) 35652450-9
E-mail: customer.service@dawlance.com.pk
Website: www.dawlance.com.pk
ڈاؤلینس ریلائبل ہے!